# دفتر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن تحت نصرتی

## اشتہار نیلام عام (E-Auction) ٹھیکہ جات برائے سال 2026-2027 (دوسری بار)

بحوالہ لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخوا مراسلہ نمبر AOII/LCB/6-11/2026، بتاریخ 07-05-2026، تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن تحت نصرتی مندرجہ ذیل ٹھیکہ جات برائے سال 2026-2027 (از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027) درج ذیل پروگرام کے تحت نیلام کرنا چاہتی ہے۔ خواہشمند حضرات جو 2026-2027 کے لیئے لوکل کونسل بورڈ، حکومت خیبر پختونخوا کے ساتھ متعلقہ کلاس میں رجسٹرڈ ہوں، تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن تحت نصرتی یا کسی اور بلدیاتی ادارے کا نا دہندہ نہ ہو، محکمہ لوکل گورنمنٹ الیکشن اینڈ رورل ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائٹ www.cfmis.lgkp.gov.pk پر وزٹ کر کے نیلامی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ شیڈول نیلامی درج ذیل ہے۔

| نمبر شمار | نام ٹھیکہ | زر بیعانہ (روپے) | نیلامی کی تاریخ |
|---|---|---|---|
| 1 | میلہ مویشاں احمد آباد | 300000/- | 13 تا 15 جولائی 2026<br>بوقت 9:00 تا 4:00 بجے |
| 2 | میلہ مویشاں تحت نصرتی | 200000/- | ایضاً |
| 3 | جنرل بس سٹینڈ امیری کلہ | 300000/- | ایضاً |
| 4 | لاری اڈہ لواغر | 100000/- | ایضاً |
| 5 | کنزروینسی فیس | 300000/- | ایضاً |
| 6 | لاری اڈہ درہ تنگ | 30000/- | ایضاً |
| 7 | سائن بورڈ | 50000/- | ایضاً |

### چیدہ چیدہ شرائط نیلامی

1۔ نیلامی E-Baldia/E-Auction System کے ذریعے ویب سائٹ https://cfmis.lgkp.gov.pk پر اوپر دیئے گئے شیڈول کے مطابق منعقد کی جائے گی۔ نیلامی میں شرکت کو تمام شرائط وضوابط کی مکمل اور غیر مشروط قبولیت تصور کیا جائے گا۔

2۔ بولی دینے سے پہلے ویب سائٹ پر دی گئی ہدایات/شرائط وضوابط کو غور سے پڑھ کر سمجھ کر آن لائن سسٹم پر سوچ سمجھ کر بولی دیں۔

3۔ غلط بولی کی ذمہ داری بولی دینے والے پر عائد ہوگی اور بولی کے بعد واپس نہیں لی جائیگی۔

4۔ بولی دہندگان ویب سائٹ پر درج کردہ غلط معلومات دینے کے نتیجے میں ٹھیکہ دار کو بلیک لسٹ کیا جائے گا۔

5۔ نیلامی میں صرف وہی ٹھیکیدار/فرم حصہ لے سکتے ہیں جو متعلقہ زمرے میں برائے سال 2026-2027، لوکل کونسل بورڈ میں باقاعدہ رجسٹرڈ ہوں اور سابقہ ٹی ایم اے تحت نصرتی یا کسی بھی بلدیاتی ادارے کے بقایادار/نادہندہ نہ ہوں۔

6۔ ہر ٹھیکہ کے لیے گزشتہ سال کی کل آمدنی کے مندرجہ بالا **پانچ فیصد (5%)** کے برابر کال ڈپازٹ/سی ڈی آر ٹی ایم اے تحت نصرتی کے حق میں نیلامی کی آخری تاریخ سے کم از کم دو (2) دن قبل سسٹم پر اپ لوڈ کرنا لازمی ہے۔

7۔ کامیاب بولی دہندہ **تین (3) دن** کے اندر **پندرہ فیصد (15%) پیشگی** اور **پانچ فیصد (5%) سیکیورٹی** ٹی ایم اے تحت نصرتی کے اکاؤنٹ میں جمع کرائے گا۔ عدم ادائیگی پر بولی منسوخ اور کال ڈپازٹ ضبط ہوگا۔ ٹھیکہ دوسرے بلند ترین بولی دہندہ کو پیش کیا جا سکتا ہے۔

8۔ سالانہ وصولی کے ٹھیکہ جات میں پچاس فیصد (50%) پیشگی اور بقیہ تین مساوی اقساط میں ادا کیا جائے گا۔ ماہانہ قسط ہر ماہ کی پانچ (۵) تاریخ تک لازمی ہے۔ تاخیر پر دو فیصد (۲%) جرمانہ اور پندرہ (۱۵) تاریخ تک ٹھیکہ منسوخ ہو سکتا ہے۔ اور موجودہ سال کے لیے اگر ٹھیکہ یکم جولائی سے نافذ العمل ہوگا۔

9۔ کامیاب ٹھیکیدار کو دو (2) ضامن پیش کرنے ہوں گے جو ٹھیکہ کی رقم کے برابر غیر منقولہ جائیداد کے مالک ہوں اور فرسٹ کلاس مجسٹریٹ سے تصدیق شدہ ہوں۔

10۔ کامیاب بولی دہندہ سات (7) دن کے اندر ٹی ایم اے تحت نصرتی کے ساتھ معاہدہ دستخط کرے گا۔ تمام وفاقی و صوبائی ٹیکس، ڈیوٹیز اور لیویز / انکم ٹیکس ٹھیکیدار خود برداشت کرے گا۔ ٹھیکہ کی رقم میں کسی صورت رعایت یا کمی / REMISSION قابلِ اجازت نہیں۔

11۔ ٹھیکہ کسی دوسرے فریق کو ذیلی ٹھیکے یا منتقل نہیں کیا جا سکتا۔ منظور شدہ نرخنامے سے زائد وصولی پر گیارہ (11) گنا جرمانہ عائد ہوگا۔ بولیوں میں ہیرا پھیری یا ملی بھگت پر بلیک لسٹنگ اور قانونی کارروائی ہوگی۔

13۔ تنازعہ کی صورت میں ریجنل میونسپل آفیسر کوہاٹ بطور ثالث کام کریں گے اور ان کا فیصلہ حتمی ہوگا۔ بولی دہندہ صوبائی حکومت کی شرائط بحوالہ نوٹیفیکیشن نمبر AOII/LCB/6-11/2026 مورخہ 07-05-2026 کا پابند ہوگا۔

14۔ تمام خواہشمند حضرات / بولی دہندہ گان و دیگر شرائط ٹھیکہ جات اور آن لائن کی طریقہ کار پر کسی بھی قسم کی رہنمائی حاصل کرنے کے لئے دفتری اوقات کار میں تحصیل آفیسر (ریگولیشن)، ٹی ایم اے تحت نصرتی کے ساتھ رابطہ کر سکتے ہیں۔

نوٹ: آن لائن بولی بروز صبح 9:00 بجے سے لے کر بروز بدھ 4:00 بجے تک مختص شدہ تاریخوں پر ہوگی۔ بولی میں حصہ لینے والا ٹھیکیدار کسی بھی لوکل کونسل کا نادہندہ نہ ہو۔ بصورت دیگر بولی منسوخ تصور ہوگی اور زرِ بیعانہ کی رقم بحق ٹی ایم اے تحت نصرتی ضبط کی جائے گی۔ نیز سی ڈی آر (اوریجنل) کو نیلامی سے دو دن پہلے دفتر تحصیل آفیسر (ریگولیشن) میں جمع کرنا ضروری ہے۔

مشتہر:
تحصیل آفیسر (ریگولیشن)
تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن، تحت نصرتی

بحکم:
تحصیل میونسپل آفیسر
تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن، تحت نصرتی